خلاصہ تفسیر القرآن

(جلد سادس متعلقہ اسلامی معیشت)

مدرسہ قاسم العلوم شیرانوالہ گیٹ لاہور کے استاد تفسیر حضرت مولانا حمید الرحمٰن عباسی کو اللہ رب العزت نے قرآنی مضامین کو مرتب اور عام فہم انداز میں بیان کرنے کا خصوصی ذوق عطاء فرمایا ہے اور علماء و طلبہ کی ایک بڑی تعداد ہر سال ان سے اس باب میں مستفید ہوتی ہے درس و تدریس کے ساتھ ساتھ قرآنی مضامین کو تحریری طور پر پیش کرنے کا سلسلہ بھی مولانا موصوف نے شروع کر رکھا ہے اور اس سے قبل خواتین کے بارے میں قرآنی احکام و ہدایات پر مشتمل ایک ضخیم جلد ان کے قلم سے منظر عام پر آچکی ہے۔

خلاصہ تفسیر القرآن کی زیر نظر جلد ساڑھے نو سو صفحات پر محیط ہے اور معیشت سے متعلقہ احکام و مضامین پر مشتمل ہے مولانا عباسی صاحب کا اسلوب نگارش یہ ہے کہ پہلے ایک عنوان قائم کر کے اس سے متعلقہ آیات قرآنی بیان کرتے ہیں پھر ان کی تفاسیر کا خلاصہ ذکر کرتے ہیں اس کے بعد متعلقہ احادیث ضروری تشریح کے ساتھ نقل کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی ضروری احکام بھی بیان کر دیتے ہیں جس سے ایک عنوان کے بارے میں کم و بیش تمام ضروری معلومات قاری کے سامنے آجاتی ہیں۔

قرآنی علوم و معارف اور احکام و مسائل کو اردو دان طبقہ تک پہنچانے کی یہ ایک قابل قدر کاوش ہے جس پر مولانا موصوف اور انجمن خدام الدین تبریک کے مستحق ہیں۔ کتاب پر قیمت درج نہیں ہے اور انجمن خدام الدین شیرانوالہ گیٹ لاہور سے طلب کی جا سکتی ہے۔

ماہنامہ نقیب ختم نبوت (امیر شریعت نمبر)

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی صد سالہ ولادت کے موقع پر مجلس احرار اسلام کے آرگن ماہنامہ نقیب ختم نبوت ملتان نے زیر نظر ضخیم نمبر کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے جو تقریباً" ساڑھے چھ سو صفحات پر محیط ہے اور معیاری کتابت و طباعت کے ساتھ مضبوط جلد سے مزین ہے شاہ جی کے نواسے اور اس خاندان کی روایات کے باذوق امین سید محمد کفیل بخاری صاحب نے اپنے بھائی سید محمد ذوالکفل بخاری صاحب کی معاونت سے جذبات' احساسات' تاثرات اور معلومات کے اس حسین گلدستہ کو سجایا ہے اور اس فرض کفایہ کی ادائیگی پر وہ بلاشبہ شاہ جی کے تمام عقیدت مندوں کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

امیر شریعت نمبر اس دور کے ممتاز اہل قلم کی نگارشات پر مشتمل ہے اور شاہ جی کی زندگی'